## «حرم امام رضا(ع) میں منعقدہ تقریبات اور رسومات کی کوریج»

حرم امام رضا علیہ السلام کی مکمل ویڈیو اور لائیو کوریج معمول کے ایجنڈے میں شامل ہے ،ایسے زائرین جو کسی بھی وجہ سے حرم امام رضا علیہ السلام میں مشرف نہیں ہو سکتے ان کے دلوں کو حرم امام رضا(ع) سے جوڑنے کے لئے روبوٹک کیمروں کے مربوطہ نیٹ ورک (پورے حرم میں ۱۲ کیمرے ہیں) اور ایک جامع فائبر آپٹک نیٹ ورک کے ذریعہ ویڈیو کوریج کے لئے جدید ہارڈ وئیر اور سافٹ وئیر ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے حرم امام رضا علیہ السلام میں ہونے والے اہم واقعات، تقریبات اور رسومات کی براہ راست فضائی تصاویر لی جاتی ہیں اور یہ اس میڈیا سینٹر کا مستقل پروگرام ہے ۔

شبِ قدر کے مراسم اور تقریبات کو تقریباً ۵۰ کیمروں سے براہ راست نشر اور ریکارڈ کرنا اور حرم امام رضا علیہ السلام کے پانچ مقامات بشمول رواق امام، صحن پیامبر اعظم، حسینیہ حرم (صحن قدس)، صحن غدیر اور رواق کودک (چائلڈ ہال) سے بیک وقت لائیو کوریج اور ریکارڈ کرنا بھی شامل ہے۔

رضوی ٹی وی کے عنوان سے حرم امام رضا علیہ السلام کا انٹرنیٹ ٹی وی جو ہر وقت حرم امام رضا علیہ السلام کی تقریبات کو کوریج دینے کے ساتھ کمیونیکیشن اینڈ میڈیا سینٹر کی پروڈکشنز کو نشر کرتا ہے اور زائرین کو مجازی طور پر زیارت کی سہولت فراہم کرتا ہے۔

## «ریڈیو اور ٹی وی کے فارسی پروگراموں کی پروڈکشن اور نشر و اشاعت میں شرکت»

مختلف فارمیٹس میں ریڈیو اور ٹی وی پروگراموں کی پروڈکشن ان اقدامات میں سے ہے جنہیں قومی میڈیا پلیٹ فارم کے ساتھ دوطرفہ تعامل کو جاری رکھتے ہوئے حرم امام رضا علیہ السلام کے کمیونیکیشن اینڈ میڈیا سینٹر کے توسط سے انجام دیا جاتا ہے ،اس وقت حرم امام رضا علیہ السلام میں ۴ ریڈیو اور ٹی وی اسٹوڈیوز فعال ہیں جن میں سے دو اسٹوڈیوز ٹی وی پروگراموں کے لئے ایک اسٹوڈیو ریڈیو کے پروگراموں کے لئے اور ایک اسٹوڈیو ورچوئل اسپیس کے لئے خصوصی پروگرام بنانے کے لئے مختص کیا گیا ہے ۔

حرم امام رضا علیہ السلام کے توسط سے تیار کردہ جملہ خصوصی پروگراموں میں توحید خانہ، پناہ، منم بچہ مسلمان (میں ہو مسلمان بچہ)، مہر خواہر برادری (بہن بھائی کی محبت)، تمنا، تکیہ، سر سفرہ خدا، تا نیایش و ضیافت دوست (دوست کی دعوت اور مناجات تک) شامل ہیں ۔

ریڈیو اور ٹی وی پروگرامنگ میں نئے طریقوں کا استعمال جیسے مکالمے پر مبنی تعلیمی پروگرامنگ سے ثقافتی، سماجی اور علمی پروگراموں کی طرف جانا، پروگرامنگ کے بصری افکٹس اور ویڈیو کوالٹی کو جاذب بنانا، پروگرامنگ میں رپورٹنگ اور نمائشی حصوں کو بہتر بنانا، ٹی وی پروگراموں میں حرم امام رضا(ع) کو زیادہ سے زیادہ دکھانا اور حرم امام رضا علیہ السلام کے مختلف موضوعات اور مسائل سے پروڈیوسرز کو آگاہ کرنا وغیرہ ایجنڈے میں شامل ہے ۔

## «بین الاقوامی ٹی وی پروگراموں کی پروڈکشن اور نشریات میں شرکت»

حرم امام رضا علیہ السلام کے کمیونیکیشن اینڈ میڈیا سینٹر میں بین الاقوامی سامعین و ناظرین کے لئے عربی، انگریزی، اردو، آذری، استنبولی ترکی، ہسپانوی اور پرتگالی (جنوبی امریکہ کے سامعین کے لئے) زبان میں ٹی وی پروگراموں کی پروڈکشن اور نشریات جاری ہیں۔

ان پروگراموں کی تیاری اور نشر و اشاعت؛ اسلامی ریڈیو اور ٹیلی ویژن یونین، براڈکاسٹنگ آرگنائزیشن کے اوورسیز ڈپٹی اور اسلامی جمہوریہ میں مقیم بین الاقوامی نیٹ ورکس کے ساتھ مسلسل تعامل اور تعاون سے کی جاتی ہیں۔

حرم امام رضا علیہ السلام کے بین الاقوامی میڈیا کے دائیں بازو کے طور پر امام رضا(ع) گلوبل نیٹ ورک نے بھی اپنی تجرباتی ورچوئل اسپیس سرگرمیاں شروع کر دی ہیں جو نہ فقط حرم امام رضا علیہ السلام کے غیر ملکی زائرین کے پروگراموں کی لائیو کوریج کر رہا ہے بلکہ مختلف موضوعات، اسلامی مناسبتوں، عالم اسلام اور مزاحمتی محور پر مختلف فارمیٹس کے ذریعہ جیسے دستاویز رپورٹس، ہائبرڈ، دستاویزی فلموں کے ساتھ ورچوئل اسپیس کے لئے مناسب پروگرامنگ بھی کر رہا ہے ۔

## «ورچوئل اسپیس»

مؤثر اور وسیع پیمانے پر نشر و اشاعت کے ساتھ حرم امام رضا علیہ السلام کے کمیونیکیشن اینڈ میڈیا سینٹر میں پرکشش، جاذب اور خصوصی پروڈکشن کو بنیادی اصولوں کے طور مانا جاتا ہے ۔

اس سلسلے میں حرم امام رضا علیہ السلام کے کمیونیکیشن اینڈ میڈیا سینٹر میں ورچوئل اسپیس کے